**18.07.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں آفتاب احمد
**Music**

.................................................................................

☆ اترپردیش کے گونڈہ ضلع میں چنڈی گڑھ-ڈبروگڑھ ایکسپریس کے پٹری سے اترنے کے ایک حادثے میں کم از کم دو افراد ہلاک اور 20 سے زیادہ زخمی ہوئے ہیں۔ ریلویز نے اعلیٰ سطح کی انکوائری کا حکم دیا ہے۔
☆ سپریم کورٹ نے نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی کو ہدایت دی ہے کہ وہ NEET-UG دوہزار چوبیس کے سبھی طلبا کے نتائج ہفتے تک اپنی ویب سائٹ پر شائع کردے۔
☆ CBI نے NEET پیپر لیک کے مبینہ معاملے میں AIIMS پٹنہ سے MBBS کے چار طالبعلموں کو گرفتار کیا ہے۔
☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے نئی دلّی میں پہلی قومی منشیات کی روک تھام سے متعلق ہیلپ لائن ایک نو تین تین شروع کی ہے۔
☆ محکمہ موسمیات نے ساحلی آندھراپردیش، تلنگانہ اور چھتیس گڑھ میں کہیں کہیں اگلے دو دن میں انتہائی تیز بارش کی پیشگوئی کی ہے۔
☆ اور ٹینس میں، سمت ناگل، ارجنٹینا کے ماریانو سے سیدھے سیٹوں میں ہارکر سوئیڈش اوپن سے باہر ہوگئے۔

.................................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### UP Rail Accident

اترپردیش کے گونڈہ ضلع میں آج سہ پہر ایک ریل حادثے میں کم از کم 2 افراد کی جانیں تلف ہوئی ہیں اور 20 سے زیادہ زخمی ہوئے ہیں۔ چنڈی گڑھ-ڈبروگڑھ ایکسپریس کے انجن کو چھوڑ کر کُل 23 ڈبوں میں سے 21 ڈبے مانک پور اسٹیشن کے نزدیک گونڈہ-گورکھپور کے درمیان ایک حادثے میں پٹری سے اُتر گئے۔
ریلوے کی وزارت نے گونڈہ ریل گاڑی کے پٹری سے اترنے کے واقعے کی اعلیٰ سطح کی انکوائری کا حکم دیا ہے۔ یہ انکوائری ریلوے سیفٹی کے کمشنر کی انکوائری سے الگ ہوگی۔ وزارت نے مہلوکین کے اہل خانہ کیلئے دس-دس لاکھ روپئے اور بہت زیادہ زخمی افراد کیلئے ڈھائی-ڈھائی لاکھ روپئے اور اُن افراد کیلئے پچاس-پچاس ہزار روپئے کے

معاوضے کا اعلان کیا ہے جنھیں معمولی چوٹیں آئی ہیں۔

NDRF اور SDRF کی ٹیمیں جائے حادثہ پر پہنچ گئی ہیں اور امداد اور راحت کا کام اب تقریباً مکمل ہوگیا ہے۔ شمال مشرقی ریلوے کے CPRO نے آکاشوانی کے خبروں کے شعبے کو بتایا کہ چنڈی گڑھ-ڈبرو گڑھ ایکسپریس کے سبھی مسافروں کو بسوں اور دیگر گاڑیوں کے ذریعے مانک پور اسٹیشن پہنچا دیا گیا ہے۔ ایک خصوصی ٹرین اُن کی متعلقہ منزلوں کیلئے جلد ہی چلائی جائے گی۔ حادثے کی وجوہات کی تحقیقات شروع ہوگئی ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ کچھ لوگوں کا شبہ ہے کہ LOCO پائلٹ نے گاڑی کے پٹری سے اترنے سے قبل ایک تیز آواز سنی تھی۔

S/B 2100 Pankaj Singh CPRO

اترپردیش کے راحت کمشنر نے اطلاع دی ہے کہ ڈبوں کے بیچ میں اب کوئی پھنسا ہوا نہیں ہے۔ صرف ریل کی پٹری سے صفائی اور اسے بحال کئے جانے کا کام باقی ہے جسے جلد ہی مکمل کرلیا جائے گا۔ ریلوے نے ہیلپ لائن نمبر جاری کئے ہیں۔ لکھنو کیلئے یہ نمبر ہیآٹھ نو، پانچ سات، چار صفر، نو دو، نو دو۔اور گونڈہ کیلئے نمبر ہے:آٹھ نو، پانچ سات، چار صفر صفر، نو چھ پانچ

## SC-NEET

سپریم کورٹ نے آج نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی NTA کو ہدایت دی ہے کہ وہ NEET-UG دو ہزار چوبیس کے تمام طلبا کے نتائج کو ہفتے کے دن دوپہر 12 بجے تک اپنی ویب سائٹ پر نشر کردیں۔ بھارت کے چیف جسٹس ڈی وائی چندرچوڑ اور جسٹس جے بی پردی والا اور منوج مشرا پر مشتمل ایک بینچ نے ہدایت دی ہے کہ یہ نتائج شہر وار اور مرکز وار شائع کئے جائیں اور امیدواروں کی شناخت کو پوشیدہ رکھا جائے۔ میڈیکل داخلہ امتحان سے متعلق تقریباً 40 عرضداشتوں کی سماعت اَب پیر کو ہوگی۔ اِس سے قبل، NEET-UG معاملے میں سپریم کورٹ کی بینچ نے اِس حقیقت کی نشاندہی کی تھی کہ امتحان کے تقدس سے سمجھوتہ کئے جانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

البتہ اُس نے یہ بھی کہا کہ امتحان کو مکمل طور پر منسوخ کرنے کا فیصلہ قطعی طور پر ایک آخری اور انتہائی نوعیت کا فیصلہ ہوگا کیونکہ اِس سے 23 لاکھ سے زیادہ طلبا کی زندگی متاثر ہوگی۔x

## CBI-AIIMS Detained

CBI نے NEET-UG داخلہ امتحان کے پرچے کے لیک ہونے کے معاملے میں آج AIIMS پٹنہ کے چار طلبا کو حراست میں لیا ہے۔ AIIMS پٹنہ کے ایگزکیٹیو ڈائرکٹر ڈاکٹر جے کے پال نے بتایا کہ جن طلبا کو حراست میں لیا گیا ہے وہ MBBS کورس کے دوسرے اور تیسرے سال کے طالبعلم ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ایجنسی کے افسران نے اِن طلبا کو حراست میں لئے جانے کے متعلق پہلے ہی اطلاع دے دی تھی اور ادارے نے تحقیقاتی ایجنسی کے ساتھ تعاون کیا۔ ایجنسی نے حراست میں لئے گئے طلبا کے لیپ ٹاپ بھی ضبط کرلئے ہیں اور ان کے کمروں کو سیل کردیا ہے۔ CBI اِن طالبعلموں سے پوچھ تاچھ کر رہی ہے۔x

## Shah Narcotics

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے قومی نارکوٹکس ہیلپ لائن MANAS، ایک-نو، تین-تین کی شروعات کی ہے۔ مانس یعنی مدک پدارتھ نیشیدھ اَسوچنا کیندر ہیلپ لائن کے ذریعے شہری منشیات کی اسمگلنگ کے سلسلے میں منشیات کے کنٹرول کے بیورو سے چوبیس گھنٹے اپنا نام بتائے بغیر اطلاعات کا تبادلہ کرسکتے ہیں اور نشہ سے آزادی اور بازآبادکاری کیلئے مشورہ لے سکتے ہیں۔ وزیر موصوف نے آج شام نئی دلّی میں نارکو کوآرڈنیشن سینٹر کی اعلیٰ سطح کی ساتویں میٹنگ کی صدارت کی۔اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ منشیات کے خلاف لڑائی بہت ضروری ہے اور اِسے سنجیدگی اور ترجیح بنیاد پر لڑنی چاہیے۔

2100- Amit Shah

اِس میٹنگ کا مقصد بھارت میں منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف منسلک مختلف مرکزی اور ریاستی سرکاری ایجنسیوں کے درمیان تال میل پیدا کرنا ہے۔ x`

## Prez Speech Book

آج نئی دلّی کے راشٹرپتی بھون کمپلیکس میں ’’Wings to our Hopes‘‘ جلد۔ ایک نامی کتاب کا اجرا کیا گیا جو صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے منتخب تقاریر کا مجموعہ ہے۔ زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کتاب کے e-version سمیت ہندی اور انگریزی نسخے کا اجرا کیا۔ اِس موقع پر اطلاعات و نشریات کے وزیرمملکت ڈاکٹر ایل مروگن بھی موجود تھے۔’’کہانی راشٹرپتی بھون کی‘‘ اور ’’راشٹرپتی بھون ہیریٹیج میٹس دی پرزنٹ‘‘ نامی دو اور کتابوں کا بھی اجرا کیا گیا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب چوہان نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے سفر کا ذکر کیا اور کہا کہ انھوں نے سماج اور خاص طور پر کمزور طبقے کی بہتری کیلئے اپنی زندگی وقف کر دی ہے۔

S/B: 2100- Shivraj Singh Chohan

تقریب کے دوران اطلاعات و نشریات کے وزیرمملکت ایل مروگن نے کتاب کی منفرد خصوصیات کو اجاگر کیا اور اِنہیں پختہ دستاویز قرار دیا جو آئندہ کی نسلوں کیلئے کارآمد ثابت ہوگی۔ x

## New health Secretary RML

صحت کے سکریٹری اپورو چندر نے آج نئی دلّی کے اٹل بہاری واجپائی انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز اور ڈاکٹر منوہر لوہیا اسپتال میں نئی سہولیات کا افتتاح کیا۔ اِن سہولیات میں دفتر، انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ طلباء کیلئے ایک ریڈنگ روم، مریضوں اور ان کے رشتے داروں کیلئے تین انتظار گاہ، ایک نئی فارمیسی اور نئے OPD رجسٹریشن ہال شامل ہیں۔ آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے صحت کے سکریٹری نے ملک بھر میں حفظانِ صحت کے بنیادی ڈھانچے کی توسیع کیلئے سرکار کے عہد کو دہرایا۔

S/B: 2100 Dr. Apurva Chandra

## CDS Armed Forces

دفاعی عملے کے سربراہ جنرل انل چوہان نے آج کہا ہے کہ بھارتی فضائیہ کی جانب سے تمام مخالفانہ صورتحال پر اپنی برتری قائم رکھنے کی غرض سے کئی قسم کے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ بھارتی فضائیہ جنگ کی صورتحال میں اپنی جنگجویانہ صلاحیتوں، حکمت عملی اور نظریات میں امکانی خطروں کے مطابق بہتری کو بروئے کار لائی ہے۔

S/B 2100 Anil Chauhan CDS

فوج کے سربراہ، کارگل وجے دِوَس کے 25ویں سال کے موقع پر نئی دلّی میں ایک تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔

## IMD Monsoon

بھارتی محکمۂ موسمیات نے آج اور کل ساحلی آندھرا پردیش اور تلنگانہ کے Yanam میں، جبکہ 19 اور 20 جولائی کو چھتیس گڑھ میں کہیں کہیں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ کونکن اور گوا، ساحلی کرناٹک، جنوبی داخلی کرناٹک اور گجرات میں آج اور کل کہیں کہیں تیز بارش کی توقع ہے۔ اگلے پانچ دنوں میں کونکن اور گوا، وسطی مہاراشٹر، گجرات، ساحلی اور جنوبی داخلی کرناٹک میں بعض مقامات پر شدید سے بہت شدید بارش کی توقع ہے۔

اگلے پانچ دنوں میں جموں کشمیر، لداخ، گلگت بلتستان، مظفرآباد، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، مشرقی راجستھان، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور دلّی میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے اوسط درجے کی بارش، جبکہ پنجاب، اترپردیش اور مغربی راجستھان میں بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ x

## Coal Mines

کوئلے کی وزارت نے کہا ہے کہ دنیا کے پانچ بڑے کوئلے کے کانوں میں سے دو بھارت میں ہیں۔ چھتیس گڑھ کول انڈیا کی ذیلی کمپنی ساؤتھ ایسٹرن کول فیلڈس لمٹیڈ کے ذریعے چلائی جانے والی Gevra اور Kusmunda نامی یہ کانیں دنیا کے سب سے بڑے کوئلے کی کانوں میں دوسرے اور چوتھے نمبر پر ہیں۔ WorldAtlas.com نے یہ فہرست جاری کی ہے۔ Gevra اور Kusmunda دونوں ایک ساتھ سالانہ 100 ملین ٹن سے زیادہ کوئلہ پیدا کرتے ہیں جو کہ بھارت کی کوئلے کی مجموعی پیداوار کا 10 فیصد ہے۔ Gevra نے 1981 سے اپنا کام شروع کیا ہے اور اُس کی سالانہ کوئلے کی پیداوار کی صلاحیت 70 ملین ٹن ہے اور اُس نے سال 2023-24 میں ریکارڈ 59 ملین ٹن کی پیداوار حاصل کی ہے۔

اِس کے پاس آئندہ دہائی کے دوران ملک کی توانائی کی ضرورتوں کو پورا کرنے کیلئے کوئلے کی خاطر خواہ ذخیرہ موجود ہے۔

اسی دوران Kusmunda کان نے 2023-24 میں 50 ملین سے زیادہ کوئلے کی پیداوار کی ہے۔ x

## Health Ministry Zero Dose Children

سرکار نے آج کہا ہے کہ یونیسیف کی رپورٹ، جس میں اِس بات کو اجاگر کیا گیا ہے کہ بھارت میں ایسے بچوں کی تعداد سب سے زیادہ ہے، جن کو کوئی بھی دوا نہیں پلائی گئی، ملک کے ٹیکہ کاری کے اعداد و شمار کی صحیح تصویر پیش نہیں کرتا ہے۔ ایک بیان میں مرکزی وزارت صحت نے کہا کہ میڈیا کی رپورٹوں میں کیا گیا یہ دعویٰ کہ بھارت میں ایسے بچوں کی تعداد سب سے زیادہ ہے، جن کو کوئی دوا یا ٹیکہ نہیں دیا گیا، یہ دعویٰ، جن ملکوں سے مقابلہ پیش کیا گیا ہے، اُن کی آبادی کی تعداد اور جن بچوں کو ٹیکے لگائے گئے، اُن کی تعداد سے میل نہیں کھاتا۔ وزارت نے مزید کہا کہ یہ رپورٹ بھارت کی آبادی اور لگائے گئے ٹیکوں کی بڑی تعداد کو پیش نظر رکھے بغیر اُن ملکوں کے ساتھ ایک غلط موازانہ پیش کرتا ہے، جن کی آبادی کم ہے۔

اِس میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ حکومت کی ٹیکے کاری کی کوششوں کا صحیح اور مکمل اندازہ، متعلقہ اعداد و شمار کی جامع تفہیم اور پروگرام پر مبنی مداخلتوں کے ذریعے ہی کیا جاسکتا ہے۔ x

## Violence Bangladesh

بنگلہ دیش میں آج ملک گیر بند کے دوران، کوٹے میں اصلاحات کیلئے احتجاج کرنے والوں اور پولیس کے درمیان ہوئی جھڑپوں میں کم از کم چار افراد ہلاک اور سیکڑوں دیگر زخمی ہوگئے۔ احتجاج کرنے والوں نے اپنی مانگوں کو پُرزور طریقے سے رکھنے کی غرض سے ملک بھر میں مکمل بند کی اپیل کی تھی اُس میں بڑی قومی شاہراہوں کی ناکہ بندی کی گئی۔ ڈھاکہ کے ریل روابط میں ملک کے باقی حصوں سے رخنہ ڈالا گیا اور ڈھاکہ میں میٹرو ریل کی خدمات روک دی گئی۔

دوسری طرف بنگلہ دیش کے قانون، انصاف اور پارلیمانی امور کے وزیر انیس الحق نے بتایا کہ حکومت کوٹے سے متعلق اصلاحات کے تعلق سے اصولی طور پر متفق ہوگئی ہے اور وہ احتجاج کرنے والوں کے ساتھ بات چیت کیلئے تیار ہے۔

امن اور قانون کے قیام کیلئے حکومت نے پورے ملک میں مختلف پولیس ایجنسیوں کے علاوہ بنگلہ دیش کی سرحدی گارڈ کی 229 پلٹنوں کو تعینات کیا تھا۔

اِس صورتحال کے پیش نظر ڈھاکہ میں بھارتی ہائی کمیشن نے بنگلہ دیش میں رہنے والے بھارتی باشندوں کیلئے ایک ایڈوائزری جاری کی ہے کہ وہ مقامی سفر سے گریز کریں اور اپنی رہائش گاہوں کے باہر آنا جانا کم کردیں۔

اُدھر اقوام متحدہ نے بنگلہ دیش کی حکومت سے زور دے کر کہا ہے کہ سرکاری ملازمتوں میں کوٹے کی اصلاحات کے سلسلے میں احتجاج کر رہے طلبا کے تحفظ کو یقینی بنائے۔x

## UN Gaza

بھارت نے اقوام متحدہ میں اپنی اِس اپیل کو دوہرایا ہے کہ غزہ پٹی میں فوراً اور مکمل جنگ بندی کی جائے اور اُس نے اغوا کئے گئے افراد کی غیر مشروط رہائی کی بات بھی کہی ہے۔ مغربی ایشیا کے موضوع پر اقوام متحدہ کی سلامتی

کونسل کی کھلی بحث میں اقوام متحدہ میں بھارت کے نائب نمائندے آر رویندر نے اپنا بیان دیتے ہوئے اِس بات کو بھی اجاگر کیا کہ فلسطین کیلئے بھارت کی جانب سے ترقیاتی امداد جو پچھلے برسوں میں مختلف شکلوں میں اُس تک پہنچی ہے، تقریباً 12 کروڑ امریکی ڈالر ہے۔

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل اینٹونیو گٹریس نے زور دے کر ایک بار پھر کہا کہ غزہ کے مستقل جاری بحران کیلئے کسی سیاسی حل کی ضرورت ہے۔

اقوام متحدہ سکریٹری جنرل کے Chief de Cabinet Courtenay Rattray نے زور دے کر کہا کہ کسی ایسے سیاسی حل کی تلاش پر دوبارہ توجہ کئے جانے کی ضرورت ہے جس سے زبردستی قبضہ ختم ہوسکے اور تنازع کا بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق حل نکل سکے۔x

## Niti Aayog

بھارت نے 2030 تک الیکٹرانکس کی مینوفیکچرنگ کے شعبے میں قدر کے اعتبار سے 500 ارب امریکی ڈالر کے نشانے کو حاصل کرنے کا ہدف طے کیا ہے۔ امنگوں سے بھرپور یہ ہدف پوری طرح تیار، سازوسامان کی مینوفیکچرنگ سے 350 ارب ڈالر اور پرزوں کی مینوفیکچرنگ سے 150 ارب ڈالر کی حصولیابی کے نشانے پر مشتمل ہے۔ نیتی آیوگ کے نائب سربراہ Suman Bery نے آج نئی دلّی میں ایک رپورٹ جاری کی جس کا عنوان ہے:- الیکٹرانکس: عالمی قدر کے سلسلوں میں بھارت کی شراکت کو قوت عطا کرنا۔

## Mandaviya Kirti

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نئی دلّی میں کل حکومت کے کھیلو انڈیا ابھرتی ہوئی صلاحیتوں کی شناخت KIRTI اسکیم کے دوسرے مرحلے کا افتتاح کریں گے۔ وزارت نے بتایا کہ KIRTI کا مقصد جدید ICT آلات اور عالمگیر سطح پر بہترین عمل آوریوں کے مطابق صلاحیتوں کی شناخت کا مربوط نظام تیار کرنا ہے۔ اِس میں کہا گیا ہے کہ اِس اسکیم کا مقصد زمینی سطح پر صلاحیتوں کی شناخت کے عمل کو ایک واحد پلیٹ فارم پر لانا ہے۔ اِس پروجیکٹ کے تحت تمام ریاستوں کا دورہ کرکے 2024-25 میں 20 لاکھ افراد کے جائزے کے ہدف کو حاصل کرنا ہے۔

اِس سے قبل، KIRTI کا پہلا مرحلہ اِس برس 12 مارچ کو چنڈی گڑھ میں شروع کیا گیا تھا۔ اِس مرحلے میں 70 مراکز پر تین لاکھ 62 ہزار 683 رجسٹریشن ہوئے تھے۔

خواہشمند کھلاڑیوں کا جائزہ 11 مختلف کھیلوں کے شعبوں میں لیا گیا تھا۔ یہ شعبے ہیں: تیر اندازی، ایتھلیٹکس، بیڈمنٹن، مکّے بازی، فٹ بال، ہاکی، کبڈی، کھوکھوڑ، والی بال، ویٹ لفٹنگ اور کشتی۔

## Tennis Sumit Nagal

اولمپک کھیلوں میں جانے والے بھارتی ٹینس کھلاڑی سمت ناگل Swedish Open میں سیدھے سیٹوں میں

ہار کر ٹورنامنٹ سے باہر ہوگئے ہیں۔ ناگل کو دنیا میں 36ویں درجے کے کھلاڑی ارجنٹینا کے Mariano Navone نے آج شام مردوں کے سنگلز مقابلے میں چھ-چار، چھ-دو سے ہرایا۔

اس سے پہلے، ٹورنامنٹ میں مردوں کے ڈبلز مقابلے میں Alexandre Muller اور Luca Van Assche کی فرانسیسی جوڑی نے سمت ناگل اور Karol Drzewiecki کی بھارتی-Polish جوڑی کو سیدھے سیٹوں میں چھ-تین، چھ-چار سے ہرا دیا تھا۔

اِس دوران، منگل کو، ناگل ATP کی تازہ ترین درجہ بندی میں مردوں کے سنگلز کے زمرے میں اپنے کیریئر کی سب سے بہترین 68ویں درجے کو حاصل کیا تھا۔x

## India FIFA Ranking

آج جاری کیے گئے فیفا کی تازہ درجہ بندی کے مطابق بھارتی فٹبال ٹیم 124 ویں مقام پر برقرار ہے، جبکہ ارجنٹینا کے Lionel Messi سرفہرست کھلاڑی ہیں۔ ایشیا میں بھارت 22 ویں مقام پر ہے۔ پچھلے سال دسمبر سے بھارتی ٹیم کی کارکردگی میں گراوٹ آئی ہے۔ اُس کی سب سے بہترین درجہ بندی پچھلے سال 99 تھی لیکن اس کے بعد سے اِس میں گراوٹ آئی ہے۔

ارجنٹینا کی ٹیم اِس فہرست میں سب سے اوپر ہے جبکہ فرانس دوسرے نمبر پر ہے۔ اسپین تیسرے نمبر پر، جبکہ انگلینڈ چوتھے اور برازیل پانچویں نمبر پر ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆